# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ
## (شعبہ قرآن وتفسیر)

### وارننگ

**عزیز طلبہ!**

آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی "مواد چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس کا نام: قرآن اور مستشرقین(1958)** سمسٹر: بہار2026ء

**سطح:** بی۔ ایس علوم اسلامیہ (تخصص قرآن وتفسیر)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

**1-** تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

**2-** سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

**3-** ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین(scanned)امتحانی مشقیں قبول کی جائیں گی۔

**4-** ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں(Word یاPDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

**5-** مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ سکیں جس کا ذمہ دار طالبِ علم ہی ہو گا۔

**6-** آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

**7-** غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ نمبر: 1 تا 5)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

| | | |
|---|---|---|
| سوال نمبر1۔ | استشراق کا لغوی و اصطلاحی مفہوم اور ظہور استشراق کے بارے میں نوٹ لکھیں۔ | (20) |
| سوال نمبر2۔ | مستشرقین کی اقسام، مقاصد اور اہداف پر نوٹ تحریر کیجیے۔ | (20) |
| سوال نمبر3۔ | متن قرآن کریم کے حوالے سے مستشرقین کے شبہات کا تحقیقی جائزہ قلم بند کریں۔ | (20) |
| سوال نمبر4۔ | قرآنی متن کے حوالے سے مستشرقین کا زاویہ نگاہ کیا ہے؟ نوٹ تحریر کیجیے۔ | (20) |
| سوال نمبر5۔ | اختلاف قراءات کے باعث پیدا ہونے والے اضطراب کی نوعیت پر نوٹ لکھیں۔ | (20) |

## امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ نمبر: 6 تا 9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

| | | |
|---|---|---|
| سوال نمبر1۔ | صحابہ کرام سے منسوب مصاحف کی حقیقت کیا ہے؟ تفصیلی نوٹ تحریر کیجیے۔ | (20) |
| سوال نمبر2۔ | نسخ پر مستشرقین کے اعتراضات کا علمی و تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔ | (20) |
| سوال نمبر3۔ | جمع قرآن کریم پر مستشرقین کے اعتراضات کا مدلل جواب تحریر کیجیے۔ | (20) |
| سوال نمبر4۔ | مستشرقین کے اہداف اور محرکات پر نوٹ تحریر کیجیے۔ | (20) |
| سوال نمبر5۔ | قرآنیات پر مستشرقین کی مؤلفات کا مختصر تعارف پیش کیجیے۔ | (20) |